# پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

WIN Worldwide Independent Network Of Market Research

رائے عامہ سروے

## صحت

# 91% پاکستانی اور دنیا بھر سے 77% جوابدہندگان اپنی صحت کو مجموعی طور پر اچھا سمجھتے ہیں، پاکستان میں آمدنی کے لیول کے ساتھ صحت کے حوالے سے مثبت رائے رکھنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)،**

(اسلام آباد) ،13 اپریل، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، 91% پاکستانی اور دنیا بھر سے 77% جوابدہندگان اپنی صحت کو مجموعی طور پر اچھا سمجھتے ہیں، پاکستان میں آمدنی کے لیول کے ساتھ صحت کے حوالے سے مثبت رائے رکھنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ دنیا بھر میں ہر براعظم میں مارکیٹ کے حوالے سے ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33,236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ صحت کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے صحت کے حوالے سے ذاتی تصورات اور اس سے متعلق عادات کو سمجھنے کیلئے سروے کے تازہ ترین نتائج جاری کیے ہیں۔
پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 15 اکتوبر سے 18 دسمبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹرنیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنی صحت کو مجموعی طور پر کیسا سمجھتے ہیں؟"**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 43% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی صحت مجموعی طور پر بہت اچھی (بہت زیادہ صحت مند) ہے، 48% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی صحت مجموعی طور پر اچھی (صحت مند) ہے، 8% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی صحت مجموعی طور پر خراب (بیمار) ہے، جبکہ 1% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی صحت مجموعی طور پر بہت خراب (بہت زیادہ بیمار) ہے۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنی صحت کو مجموعی طور پر کیسا سمجھتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


## ممالک کے اعتبار سے نتائج:

برطانیہ کے لوگ (67%) اپنی صحت کو مجموعی طور پر اچھا سمجھتے ہیں، اس کے بعد اسی حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح امریکہ میں 61% پائی گئی۔




## عمر کے اعتبار سے نتائج:

دنیا بھر میں، عمر کے ساتھ صحت کے حوالے سے مثبت رائے رکھنے والوں کی شرح میں کمی آئی ہے۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## جنس کے اعتبار سے نتائج:

پاکستان میں خواتین (78%) کے مقابلے میں مرد حضرات (93%) کی زیادہ شرح اپنی صحت کو مجموعی طور پر اچھا سمجھتے ہیں۔

### جنس کی بنیاد پر نتائج





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## آمدنی کی بنیاد پر نتائج:

پاکستان میں، آمدنی کے لیول کے ساتھ صحت کے حوالے سے مثبت رائے رکھنے والوں کی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔

### آمدنی کی بنیاد پر نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 15 اکتوبر 2021 تا 18 دسمبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

WIN Worldwide Independent Network Of Market Research

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

## Wednesday April 13, 2022

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)